علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

شعبہ ابلاغ عامہ

کورس: اصول صحافت۔(430) سمسٹر: بہار، 2026ء

سطح: بی اے / ایسوسی ایٹ ڈگری

عزیز طلبہ السلام علیکم

کورس اصول صحافت (430) کے تعلیمی سفر کے آغاز پر نیک خواہشات قبول کریں۔ کورس کے مطالعہ کے دوران درج ذیل نکات مد نظر رکھنے سے آپ کی تعلیم زیادہ بامقصد اور مفید ہو سکتی ہے۔

1۔ امتحانی مشق مطالعے اور کتاب سے ذہنی ہم آہنگی جانچنے کے لئے حل کروائی جاتی ہے اس حوالے سے مشق میں اچھے نمبر اسی صورت حاصل کئے جاسکتے ہیں جب مشق ہو بہو کتاب سے نقل نہ کی گئی ہو۔ کتاب کا اچھی طرح مطالعہ اور مفہوم کو سمجھنے کے بعد اپنے الفاظ میں تمام سوالات حل کرنے کی کوشش کریں۔

2۔ مشق حل کرتے وقت کتب خانوں میں بھی متعلقہ دیگر کتب کا مطالعہ کریں۔

3۔ اس کے علاوہ صحافت کے عملی پہلوؤں کا تنقیدی جائزہ لینا بھی آپ کے لئے بے حد ضروری ہے۔ ہمارا مشورہ ہے کہ اخبار کا مطالعہ باقاعدگی سے کیا کریں۔ اس میں موجود خبروں، کالموں، اداریوں اور دوسرے مواد کی نوعیت کو اپنی درسی کتاب میں بیان کیے گئے صحافت کے اصولوں کی روشنی میں دیکھنے کی کوشش کریں۔

نوٹ: کورس سے متعلق کوئی مشکل یا شکایت ہو تو یونیورسٹی کے شعبہ ابلاغ عامہ سے رابطہ کریں۔

ڈاکٹر اسد منیر

کورس رابطہ کار

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
(شعبہ ابلاغ عامہ)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

6 کریڈٹ آورز کورس	مقررہ تاریخ	3 کریڈٹ آورز کورس	مقررہ تاریخ
مشق نمبر1	10-06-2026	--	--
مشق نمبر2	06-07-2026	مشق نمبر1	06-07-2026
مشق نمبر3	31-07-2026	--	--
مشق نمبر4	20-08-2026	مشق نمبر2	20-08-2026
نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے			

کورس: اصول صحافت۔(430) سمسٹر: بہار، 2026ء

سطح: بی اے / ایسوسی ایٹ ڈگری کریڈٹ: 6

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

(ہدایات برائے میٹرک، ایف اے، بی اے پروگرامز)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر: 100　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر(BA) : 40

کامیابی کے نمبر(AD) :50

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ 1 تا 4)

سوال نمبر 1– روزنامہ ڈان، ایکسپریس اور پاکستان کا احوال بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 2– برصغیر میں صحافت کے ارتقائی دور کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر 3– صحافتی نظریات کیسے وجود میں آئے؟ مختلف ادوار میں رائج صحافتی نظریات کا دور حاضر سے تقابلی جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر 4– صحافت کی بنیادی ذمہ داریاں بیان کریں نیز دور حاضر میں صحافت کو درپیش مسائل بھی بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 5– اسلوب سے کیا مراد ہے؟ صحافتی زبان کے اسلوب کی خصوصیات بیان کریں۔ (20)

کل نمبر: 100　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر(BA) : 40

کامیابی کے نمبر(AD) :50

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ 5 تا 9)

سوال نمبر 1–مدیر کون ہوتا ہے نیز اخبار کی تدوین کے مختلف مراحل بھی بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 2–اخبار کے میک اپ سے کیا مراد ہے؟ تزئین کے چند نمایاں اصول بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 3–غیر روایتی اور آن لائن صحافت کی اہمیت اجاگر کریں نیز آن لائن صحافت میں پیشہ ورانہ چیلنجز بیان کریں۔

(20)

سوال نمبر 4–فیچر کی مختلف اصناف پر روشنی ڈالیں، نیز فیچر نویس کے پیشہ ورانہ اوصاف بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 5–تاریخی اعتبار سے پاکستان کے چند نمایاں ترین کالم نگاروں کا احوال بیان کریں۔ (20)

کل نمبر: 100 | کامیابی کے نمبر(BA) : 40
کامیابی کے نمبر(AD) :50

امتحانی مشق نمبر 3

(یونٹ 10 تا 13)

سوال نمبر 1– مختلف ذرائع ابلاغ میں پراپیگنڈا کے استعمال پر مفصل مضمون لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 2– ذاتی اور پیشہ ورانہ انٹرویو میں فرق کی وضاحت کریں نیز انٹرویو کی تیاری کے اصول واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 3– قانون اور ضابطہ اخلاق میں کیا فرق ہے؟ صحافتی ضابطہ اخلاق کے نمایاں پہلوؤں پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر 4– گزشتہ چند برسوں میں پاکستان میں صحافتی قوانین کے حوالے سے ہونے والی پیش رفت کا ذکر کریں۔ (20)

سوال نمبر 5– پاکستانی صحافت میں ضابطہ اخلاق کی سنگین خلاف ورزیوں پر مثالوں اور دلیلوں سے بحث کریں۔ (20)

کل نمبر: 100 | کامیابی کے نمبر(BA) : 40
کامیابی کے نمبر(AD) :50

امتحانی مشق نمبر 4

(یونٹ 14 تا 18)

سوال نمبر 1–صحافت اور سیاست کے مابین تعلق کا جائزہ لیں نیز پاکستانی صحافت کو درپیش مسائل کا احاطہ کریں۔ (20)

سوال نمبر 2–آفسٹ پرنٹنگ کے تمام مراحل تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 3–پاکستان میں رائج پارلیمانی طرز حکومت کی وضاحت کریں نیز اس کا صدارتی طرز حکومت سے موازنہ بھی کریں۔
(20)

سوال نمبر 4-اپنے پسندیدہ معاشی نظریئے کے نمایاں خدوخال بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 5–غیر رسمی تعلیم میں صحافت کے کردار پر بحث کریں۔ (20)